Department of Education
Chancellor Meisha Porter

19 اکتوبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم اپنی اسکول ہوم کمنگ کے دوسرے مہینے میں ہیں، اور میں انتہائی خوش ہوں کہ ہم پورے جوش خروش کے ساتھ واپس آئے ہیں اور اپنی اسکول برادری کو کم سے کم خلل انگیزی کے ساتھ صحتمند رکھے ہوئے ہیں۔ ہمارے صحت اور حفاظت کے بارے میں کثیرالسطحئ اقدامات کی وجہ سے، ہمارے اسکول نیویارک شہر میں محفوظ ترین جگہیں ہیں۔

آپ، ہمارے خاندان، بھی بے تحاشہ سراہے جانے کے مستحق ہیں اپنی اسکول برادری کو محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کرنے کے: ہر صبح اپنے بچوں کا ٹمپریچر دیکھنے، حفاظتی تدابیر کی حوصلہ افزائی کرنے، جیسے جسمانی فاصلہ اور ہاتھ دھونا، اور یہ یقینی بنانا کہ انہوں نے اسکول آتے وقت ماسک پہنے ہوئے ہیں۔ انکی صحت اور حفاظت کو ترجیح دینے میں ہمارے شراکت دار ہونے پر آپکا بہت شکریہ، اور یہ اچھا کام جاری رکھیں!

ایک اہم طریقہ جو ہم اپنے اسکولوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کررہے ہیں وہ بغیر ویکسین والے طلبا کی COVID-19 کے لیے ہفتہ وار بلا ترتیب ٹیسٹنگ ہے (گریڈز 1 اور اوپر)۔ برادری میں (وائرس کے) پھیلاو کی نگرانی کرنے کے لیے اس قسم کی باقاعدہ ٹیسٹنگ زیادہ موثر ہوتی ہے جب ہم جتنے زیادہ طلبا کو ممکن ہو ٹیسٹ کرسکیں، لیکن ایسا کرنے کے لیے ہمیں آپکی جانب سے ایک اجازت کا فارم جمع کروانا درکار ہے، اگر آپ نے پہلے ہی ایسا نہیں کردیا ہے۔ ان خاندانوں کا شکریہ جنہوں نے پہلے ہی فارم جمع کروادیا ہے۔

آپ اجازت فارم اپنا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) استعمال کرتے ہوئے مکمل کرسکتے ہیں: schoolsaccount.nyc پر یا فارم کو آن لائن schools.nyc.gov/covidtesting سے ڈاون لوڈ کریں اور اپنا مکمل کردہ فارم اپنے اسکول لائیں۔ ٹیسٹنگ محفوظ، جلدی اور آسان ہے۔ ہم آپ سے آپکے بچے اور ہماری اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے یہ اجازت فراہم کرنے کی پُرزور گزارش کرتے ہیں۔ آپ اسکول میں COVID19 کی ٹیسٹنگ پروگرام کے بارے میں schools.nyc.gov/covidtesting پر مزید جان سکتے ہیں اور ایک وڈیو دیکھ سکتے ہیں جو دکھاتا ہے کہ آپکے بچے کو کیا توقع کرنی چاہیئے۔

اگر آپکا کوئی 12 سال یا زائد عمر کا بچہ ہے، انکی صحت کے لیے دیگر اہم قدم جو آپ لے سکتے ہیں وہ ان کو ویکسین لگوانا ہے اگر آپ نے پہلے ہی ایسا نہیں کیا ہے۔ ویکسینز شہر بھر میں انفیکشن کی شرح کم کرنے میں ایک بڑا کردار ادا کررہی ہیں، اور یہ محفوظ، مفت ہیں اور نقل وطنی کی صورتِ حال سے قطع نظر دستیاب ہیں۔ میں آپ پر زور دونگی کہ ایک قریبی مقام کو تلاش کریں جہاں آپکا بچہ منظور کردہ Pfizer-BioNTech ویکسین لگوا سکتا ہے vaccinefinder.nyc.gov پر جائیں یا 877-VAX-4-NYC (877-829-4692)کو کال کریں۔ اگر آپکا بچہ پہلے ہی ویکسین لگوا چکا ہے، براہِ مہربانی یہ معلومات محکمئہ تعلیم Covid-19 ویکسینیشن پورٹل vaccine.schools.nyc پر اپ لوڈ کریں۔

آپکی شراکت کا شکریہ، ہم اپنے اسکول دوبارہ مکمل طور پر کھول سکے ہیں۔ جتنے زیادہ خاندان ٹیسٹنگ کے لیے اجازت دیں گے اور اپنے اہل بچوں کو ویکسین لگوائیں گے، ہم اپنے شہر اور اپنے اسکولوں میں ہر ایک کو محفوظ رکھنے میں اتنی ہی زیادہ پیش رفت کرنا جاری رکھیں گے۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر